© rasailojaraid.com



# اے وادیٔ کشمیر

پروفیسر خالد شبیر احمد

زندہ دلانِ وادیٔ کشمیر زندہ باد
وابستگانِ غیرتِ شبیر زندہ باد

تیری شجاعتوں کے ترانے فضاؤں میں
عشق و جنوں کی بولتی تصویر زندہ باد

ظلم و ستم کے سامنے سینہ سپر ہے تو
ہے لب پہ تیرے نعرۂ تکبیر زندہ باد

گونجا جہاں میں تیرا شعلہ صفت پیام
عظمت کی تو نے لکھی ہے تحریر زندہ باد

روکے گا آج کون یہ صف شکن افواج
باطل کی رگ پہ دین کی شمشیر زندہ باد

کاوش سے تیری ختم ہوئی شب کی تیرگی
ہمت تیری ہے صدق کی تنویر زندہ باد

بھارت ہر ایک ظلم کی حد سے گزر گیا
ہے حق کی تیرے ہاتھ میں توقیر زندہ باد

کس شانِ اعتماد سے شہ رگ پہ کفر کی
مارا ہے تو نے کھینچ کے کیا تیر زندہ باد

بڑھتا گیا ہے جانب منزل تو بے خطر
ہیں ساتھ تیرے خالدؔ و شبیرؔ زندہ باد

لاریب تو ہے عظمتِ احرار کا امیں
ان کے سنہرے خواب کی تعبیر زندہ باد

گرنے کو ہے یہ ظلم کی دیوار بایقیں
ہے ٹوٹنے کو کفر کی زنجیر زندہ باد

مداح تیرے آج بھی سب حُریت پسند
اے حرفِ حُر کی گونجتی تفسیر زندہ باد

اک دن بنے یہ خطۂ کشمیر ارض پاک
ہے یہ دعائے خالد شبیرؔ زندہ باد

not found.



© rasailojaraid.com